# حمد



نامِ حق بر زُبان ہمی رانیم — کہ بجان و دلش ہمی خوانیم
ہم خدا کا نام زبان پر لیتے ہیں — کہ دل و جان سے اس کو پکارتے ہیں

داد ما را کتاب تا خوانیم — کرد ما را خطاب تا دانیم
اُس نے ہم کو کتاب (قرآن) دی تا کہ ہم پڑھیں — ہم کو مخاطب کیا تا کہ ہم جانیں

روز و شب طالبِ قبول وئیم — پیرو ِ امّتِ رسول وَئیم
ہم دن و رات اس کی قبولیت کے طالب ہیں — ہم اس کے رسولؐ کی امت اور پیروکار ہیں

ہدایت: اساتذہ طلبا کو تاکید کریں کہ وہ حمد باری تعالٰی کو اچھی طرح زبانی معنی کے ساتھ یاد کرلیں۔
اساتذہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبا نے واقعی حمد یاد کرلی ہے۔
حمد: خدا کی تعریف کرنے کو حمد کہتے ہیں۔ اس نظم میں خدا کی تعریف لکھی گئی ہے۔